جناب مفتی صاحب دار الافتاء جامعہ دار العلوم کراچی

السلام علیکم

جناب عالی!

سوال: آج کل ذرائع ابلاغ میں ایک مذہبی اسکالر ڈاکٹر ذاکر نائک کے نام سے معروف ہیں آپ سے سوال یہ ہے کہ کیا وہ ہمارے اہل سنت والجماعت سے تعلق رکھتے ہیں؟ اور کیا ان کی تقریر وغیرہ سننا درست ہے؟ موصوف کی تقریر کی سی ڈی وغیرہ بازار میں دستیاب ہیں۔ سائل: محمد عزیر کراچی کے ایریا

الجواب بعون ملہم الصواب

ڈاکٹر ذاکر نائک صاحب کو ذاتی طور پر ہم نہیں جانتے لیکن جو لوگ ان کو کسی نہ کسی حوالہ سے جانتے ہیں یا ان کی تقریریں سن چکے ہیں یا سنتے رہتے ہیں ان کا کہنا یہ ہے کہ ڈاکٹر ذاکر نائک صاحب کوئی عالم یا مفتی نہیں بلکہ وہ تقابل ادیان کے ماہرین میں شمار ہوتے ہیں اور اس معاملہ میں ایک اچھے مناظر ہیں لیکن ائمہ مذاہب میں سے نہ صرف کسی امام کی پیروی نہیں کرتے بلکہ ان کی پیروی کرنے والوں کو سخت تنقید کا نشانہ بناتے ہیں۔ لہٰذا اگر ڈاکٹر ذاکر نائک صاحب کے متعلق لوگوں کی فراہم کردہ معلومات اور ذکر کردہ باتیں درست ہوں تو ان کی تقریر وغیرہ سننا عام اور سادہ ذہن آدمی کیلئے درست نہیں جبکہ اہل علم حضرات جائز مقاصد کیلئے جائز ذرائع سے ان کی تقریر یا سی ڈی وغیرہ سن سکتے ہیں لیکن چونکہ یہ عالم یا مفتی نہیں ہیں اسلئے کسی حکم شرعی کے متعلق ان کی کوئی بات اس وقت تک مستند نہیں سمجھی جائیگی جب تک ان کی بات کی کسی مستند عالم یا مفتی سے تصدیق نہ ہو جائے۔ (مأخذہ تبویب: فتویٰ نمبر ۷۰/ رجسٹر نمبر ۷۸۸)۔ واللہ تعالیٰ اعلم